بروز ہفتہ مورخہ 20 مئی 2017 بوقت سہ پہر تین 3:00 بجے منعقد ہونے والے بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس کی کارروائی۔

ترتیب کارروائی

1۔ تلاوت قرآن پاک وترجمہ۔

2۔ سرکاری کارروائی برائے قانون سازی۔

3)۔ بلوچستان کے معذور افراد کا سودہ قانون مصدرہ 2017 (مسودہ قانون نمبر 02 مصدرہ 2017) کا منظور کیا جانا۔

I)۔ وزیر برائے سماجی بہبود، خصوصی تعلیم، وانسانی حقوق تحریک پیش کریں گے کہ بلوچستان کے معذور افراد کا مسودہ قانون مصدرہ 2017 (مسودہ قانون نمبر 02 مصدرہ 2017) کو مجلس کی سفارشات کے بموجب فی الفور زیر غور لایا جائے۔

II)۔ وزیر برائے سماجی بہبود، خصوصی تعلیم وانسانی حقوق تحریک پیش کریں گے کہ بلوچستان کے معذور افراد کا مسودہ قانون مصدرہ 2017 (مسودہ قانون نمبر 02 مصدرہ 2017) کو مجلس کی سفارشات کے بموجب منظور کیا جائے۔

4) بلوچستان کے معمر شہریوں کی فلاح وبہبود کا مسودہ قانون مصدرہ 2017 (مسودہ قانون نمبر 04 مصدرہ 2017) کا منظور کیا جانا۔

I)۔ وزیر برائے سماجی بہبود، خصوصی تعلیم وانسانی حقوق تحریک پیش کریں گے کہ بلوچستان کے معمر شہریوں کی فلاح وبہبود کا مسودہ قانون مصدرہ 2017 (مسودہ قانون نمبر 04 مصدرہ 2017) کو مجلس کی سفارشات کے بموجب فی الفور زیر غور لایا جائے۔

II) وزیر برائے سماجی بہبود، خصوصی تعلیم وانسانی حقوق تحریک پیش کریں گے کہ بلوچستان کے معمر شہریوں کی فلاح وبہبود کا مسودہ قانون مصدرہ 2017 (مسودہ قانون نمبر 04 مصدرہ 2017) کو مجلس کی سفارشات کے بموجب منظور کیا جائے۔

5) بلوچستان خصوصی ترقیاتی بورڈ برائے کم لاگت ہاؤسنگ اسکیمز کا مسودہ قانون مصدرہ 2017 (مسودہ قانون نمبر 05 مصدرہ 2017) کا منظور کیا جانا۔

I)۔ وزیر برائے کمیونیکیشن ورکس فزیکل پلاننگ اینڈ ہاؤسنگ تحریک پیش کریں گے کہ بلوچستان خصوصی ترقیاتی بورڈ برائے کم لاگت ہاؤسنگ اسکیمز کا مسودہ قانون مصدرہ 2017 (مسودہ قانون نمبر 05 مصدرہ 2017) کو مجلس کی سفارشات کے بموجب فی الفور زیر غور لایا جائے۔

II)۔ وزیر برائے کمیونیکیشن ورکس فزیکل پلاننگ اینڈ ہاؤسنگ تحریک پیش کریں گے کہ بلوچستان خصوصی ترقیاتی بورڈ برائے کم لاگت ہاؤسنگ اسکیمز کا مسودہ قانون مصدرہ 2017 (مسودہ قانون نمبر 05 مصدرہ 2017) کو مجلس کی سفارشات کے بموجب منظور کیا جائے۔

6)۔ مشترکہ قرارداد نمبر 91 منجانب: جناب رحمت صالح بلوچ، صوبائی وزیر میر خالد لانگو، پرنس احمد علی احمدزئی اور محترمہ یاسمین لہڑی اراکین صوبائی اسمبلی۔

ہرگاہ کہ پاکستان ٹیلی ویژن کارپوریشن کوئٹہ مرکز کی کارکردگی گزشتہ 8 سالوں سے کام نہ ہونے کے برابر ہے۔ چونکہ ماضی میں پی ٹی وی کوئٹہ مرکز سے قومی اور تمام مادری زبانوں میں ڈرامہ سیریل، میوزیکل پروگرام فن اور ادب کے پروگرامز نشر ہوتے تھے۔ جس کی بناء ہماری ثقافت کو دنیا میں پذیرائی ملتی تھی اور لوکل فنکاروں کو اپنے فن کا مظاہرہ کرنے کا موقع بھی ملتا تھا۔ اور اس سے ان کی مالی امداد بھی ہوتی تھی۔ لیکن افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑ رہا ہے کہ وفاقی محکمہ اطلاعات کی عدم توجہی کی بناء آج پی ٹی وی کوئٹہ مرکز ویرانی کا منظر پیش کر رہا ہے۔ جس کے باعث صوبہ کے فنکار مایوسی کا شکار ہیں۔ اور اس وقت پی ٹی وی کوئٹہ مرکز کے تمام اسٹیوڈیوز تقریباً بند ہیں۔

لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ وہ فوری طور پر پی ٹی وی کوئٹہ مرکز کو فنڈز کی فراہمی یقینی بنائے تاکہ اسے ماضی کی طرح فعال بنایا جاسکے۔

7)۔ ایوان کی کارروائی۔

I). چیئرپرسن مجلس قائمہ "برمحکمہ آبپاشی وقوانائی ماحولیات، جنگلات وجنگلی حیات تحریک پیش کریں گی کہ مشترکہ قرارداد نمبر 72 بسلسلہ پٹ فیڈر کینالز اور باقی ماندہ کاموں کی تکمیل کی بابت مجلس کی رپورٹ پیش کرنے کی مدت میں آج مورخہ 20 مئی 2017 تک توسیع کی منظوری دی جائے۔

II)۔ چیئرپرسن مجلس قائمہ "برمحکمہ آبپاشی وقوانائی ماحولیات، جنگلات وجنگلی حیات" مشترکہ قرارداد نمبر 72 بسلسلہ پٹ فیڈر کینالز اور باقی ماندہ کاموں کی تکمیل کی بابت مجلس کی رپورٹ پیش کریں گی۔

III) چیئرپرسن مجلس قائمہ "برمحکمہ آبپاشی وقوانائی ماحولیات، جنگلات وجنگلی حیات" تحریک پیش کرینگی کہ مشترکہ قرارداد نمبر 72 بسلسلہ پٹ فیڈر کینالز اور باقی ماندہ کاموں کی تکمیل کی بابت مجلس کی رپورٹ کو مجلس کی سفارشات کے بموجب منظور کیا جائے۔

III) رکن کمیٹی، ایوان کی کمیٹی برداخلہ فیس بلوچستان یونیورسٹی کی رپورٹ پیش کرنے کی مدت میں ایک ماہ کی توسیع کی تحریک پیش کریں گی۔

iv) چیئرپرسن مجلس قائمہ برائے سماجی بہبود، ترقی نسواں زکواۃ عشر حج، اوقاف، اقلیتی امور وامور نوجوانان تحریک پیش کریں گی کہ نابالغ بچہ کا اتماع شادی کا مسودہ قانون مصدرہ 2017 (مسودہ قانون نمبر 3 مصدرہ 2017) کی رپورٹ پیش کرنے کی مدت میں ایک ماہ کی توسیع کی جائے۔

کوئٹہ۔
20 مئی 2017ء

سیکرٹری،
بلوچستان صوبائی اسمبلی۔